**پریس ریلیز**

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu

ویب سائٹ:www.rbi.org.in

ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات،، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001

فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

9 مئی 2018

# یونیورسل کوآپریٹیو اربن بینک لمٹیڈ، منچیریل، تلنگانہ۔ جرمانہ عائد

ریزرو بینک نے یونیورسل کوآپریٹیو اربن بینک لمٹیڈ، منچیریل، تلنگانہ پر 50ہزار روپیہ (-/Rs.50,000) کا مالیاتی جرمانہ عائد کیا ہے۔ ریزرو بینک نے اس بینک پر یہ جرمانہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 کے سیکشن 47A(i)(c) جس کو سیکشن 46(4) کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے (جیسا کہ کوآپریٹیو سوسائٹیز پر لاگو ہے) میں حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے اس بینک کے ذریعہ اپنے ڈائریکٹرس اور ان کے قریبی رشتہ داروں کو قرض کی فراہمی و پیشگی رقم دینے سے متعلق ریزرو بینک کے ڈائریکٹوز اور رہنما خطوط کی خلاف ورزیاں کرنے کی وجہ سے عائد کیا گیا ہے۔

ریزرو بینک نے اس کوآپریٹیو بینک کو ایک وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا تھا اس کے جواب میں اس کے ذریعہ ایک تحریری جواب نامہ داخل کیا گیا ہے۔ معاملہ کی نوعیت اور بینک کے ذریعہ داخل جواب نامہ پر اور ذاتی سنوائی پر غور کرنے کے بعد ریزرو بینک اس نتیجہ پر پہنچا کہ خلاف ورزیاں تو کی گئی ہیں لہٰذا اس نے جرمانہ عائد کر دیا۔

انیرودھا ڈی۔ جادھو

اسسٹنٹ منیجر

پریس ریلیز 2948/2017-2018